## ایم کیوایم کے خلاف جھوٹی اور من گھڑت رپورٹس کی اشاعت ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کونقصان پہنچانے کی کوششوں کا حصہ ہیں۔رابطہ کمیٹی
## میڈیا کے بعض عناصر ایم کیوایم کے خلاف انہی من گھڑت اور بے بنیاد الزامات پرمبنی رپورٹس دوبارہ
## شائع کررہے ہیں جن کی سرکاری ایجنسیوں کے سابق حکام ٹی وی پرآکرخودتردید کرچکے ہیں
## اظہارِرائے کی آزادی کے نام پرلاکھوں عوام کی نمائندہ جماعت کی کردارکشی اور من گھڑت
## الزامات لگانے کے عمل کوکسی بھی طرح درست اور جائز قرارنہیں دیا جاسکتا ایم کیوایم کے 83 شہید کارکنوں کے قاتل کون ہیں اور
## انکی جوائنٹ انٹیروگیشن (JIT) رپورٹ کہاں ہے؟ قوم کوبتایاجائے کہ سانحہ شیرشاہ کے قاتل کہاں ہیں؟ان کی JIT رپورٹ کہاں ہے؟
## ایم کیوایم مجرمانہ سرگرمیوں اور جرائم پیشہ عناصر کی ہمیشہ خلاف رہی ہے اور چاہتی ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کو
## کڑی سے کڑی سزادی جائے خواہ ان کاتعلق ایم کیوایم سمیت کسی بھی جماعت سے کیوں نہ ہو

کراچی۔۔۔15،اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ذرائع ابلاغ میں بعض مخصوص عناصر کی جانب سے ایم کیوایم کے خلاف جھوٹی اور من گھڑت رپورٹس کی اشاعت اور ایم کیوایم کے میڈیا ٹرائل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس میڈیا ٹرائل کوانصاف کے اصولوں کے منافی اور ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کونقصان پہنچانے کی کوششوں کا حصہ قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ماضی میں بھی ایم کیوایم کوختم کرنے اور عوام میں اس کا امیج خراب کرنے کیلئے سرکاری ایجنسیوں کی تیارکی گئی من گھڑت اور بے بنیاد رپورٹوں کو جواز بنا کر ایم کیوایم پر جناح پورسازش، حکیم سعید قتل کیس اور دیگر من گھڑت اور جھوٹے الزامات لگائے گئے، ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنوں کومجرم ثابت کرنے کی کوشش کی گئی اور ایم کیوایم کا میڈیا ٹرائل کیا گیا لیکن 17 سال بعد یہ حقائق دنیا بھر کے سامنے آچکے ہیں کہ ان الزامات میں کوئی صداقت نہیں ہے اور ایم کیوایم کے خلاف آپریشن کرنے والی سرکاری ایجنسیوں کے افسران خود ٹیلی ویژن پرآکراعتراف کرچکے ہیں کہ جناح پورسازش ایم کیوایم کے خلاف محض ڈرامہ تھی اسی طرح دیگر الزامات بھی جھوٹے اور غلط تھے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اب جبکہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکروفلسفہ صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر میں فروغ پارہا ہے تو ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت کونقصان پہنچانے کیلئے ایک مرتبہ پھر ایم کیوایم کا میڈیا ٹرائل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے اور میڈیا کے بعض عناصر ایم کیوایم کے خلاف انہی من گھڑت اور بے بنیاد الزامات پرمبنی رپورٹس دوبارہ شائع کررہے ہیں جن کی سرکاری ایجنسیوں کے سابق حکام ٹی وی پرآکرخودتردید کرچکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ چارماہ کے دوران کراچی میں ایم کیوایم کے 83 کارکنان وہمدردوں کوشہید کیا جاچکا ہے، ہمارا سوال یہ ہے کہ ایم کیوایم کے ان شہید کارکنوں کے قاتل کون ہیں اور ان کی جوائنٹ انٹیروگیشن (JIT) رپورٹ کہاں ہے؟ قوم کوبتایاجائے کہ سانحہ شیرشاہ کے قاتل کہاں ہیں؟ان کی JIT رپورٹ کہاں ہے؟ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم اظہارِرائے کی آزادی پریقین رکھتی ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ اظہارِرائے کی آزادی کے نام پرلاکھوں عوام کی نمائندہ جماعت کی کردارکشی اور من گھڑت الزامات لگانے کے عمل کوکسی بھی طرح درست اور جائز قرارنہیں دیا جاسکتا۔لہٰذا ذرائع ابلاغ کوذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کی تیسری بڑی جماعت کا میڈیا ٹرائل کرنے سے گریز کرنا چاہئے،کون مجرم ہے اور کون نہیں ہے اس کا فیصلہ عدالت پرچھوڑ دینا چاہئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم انصاف وقانون کی حکمرانی اور عدلیہ کی آزادی پریقین رکھتی ہے،ایم کیوایم مجرمانہ سرگرمیوں اور جرائم پیشہ عناصر کی ہمیشہ خلاف رہی ہے اور چاہتی ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کوکڑی سے کڑی سزادی جائے خواہ ان کاتعلق ایم کیوایم سمیت کسی بھی جماعت سے کیوں نہ ہو۔

## سابق حق پرست کونسلر نعمان بخاری شہادت پرالطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ملیر میں سابق حق پرست کونسلر نعمان بخاری کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگوار لواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔

## ملیر میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے سابق حق پرست کونسلر شہید نعمان بخاری کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔15اپریل 2011ء

ملیر کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے سابق حق پرست کونسلر نعمان بخاری کو شہید کر دیا۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم ملیر سیکٹر، یونٹ 96 کے کارکن اور سابق حق پرست کونسلر نعمان بخاری جمعہ کی شام ملیر میں واقع اپنے میڈیکل اسٹور میں بیٹھے تھے کہ موٹر سائیکل سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کر دی۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے نعمان بخاری موقع پر ہی شہید ہوگئے جبکہ فائرنگ کی زد میں آکر ایم کیوایم کے ہمدرد عبدالقادر عبدالرؤف شدید زخمی ہوگئے۔شہید کی لاش اور زخمی کو عباسی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر، ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کی بڑی تعداد عباسی اسپتال پہنچ گئی اس موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان شدت غم سے نڈھال تھے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملیر میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے سابق حق پرست کونسلر نعمان بخاری کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان اور ہمدردوں کے قتل کے مسلسل واقعات کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے۔گزشتہ دو روز میں ایم کیوایم کے دس کارکنان و ہمدردوں کو فائرنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا جا چکا ہے لیکن سفاک قاتل ابھی تک قانون کی گرفت سے محفوظ ہیں۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان سے اپیل کی وہ دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر کراچی کا امن تہہ وبالا کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکنان و ہمدردوں کے قتل کے مسلسل واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، سفاک قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔رابطہ کمیٹی نے نعمان بخاری شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا بھی اظہار کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن میر پور خاص اور سکھر میں ایمبولینس سینٹر میں دو نئی ایمبولینسوں کا اضافہ کر دیا گیا

## رابطہ کمیٹی ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور انیس قائم خانی نے دونوں ایمبولنسوں کی چابیاں میر پور خاص اور سکھر کے ذمہ داران کے حوالے کیں

کراچی۔۔۔15اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن میر پور خاص اور سکھر میں ایک ایک نئی ایمبولینس کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یہ ایمبولینسیں کشادہ ہیں اور جدید سہولیات سے آراستہ ہیں۔اس سلسلے میں جمعہ کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع 14 بلاک فیڈرل بی ایریا میں سادہ تقریب بھی منعقد ہوئی جس میں ڈاکٹر فاروق ستار، انیس قائمخانی، رابطہ کمیٹی کے ارکان آصف صدیقی اور شاکر علی کے علاوہ اندرون تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین نے شرکت کی۔آج ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور انیس قائم خانی نے دونوں ایمبولینس کی چابیاں خدمت خلق فاؤنڈیشن میر پور خاص اور سکھر زون کے ذمہ داران کے حوالے کیں۔

## شہر کے مختلف علاقوں میں گینگ وار، لینڈ مافیا، منشیات فروش اور جرائم پیشہ مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے 9 کارکنان کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔15، اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر کے مختلف علاقوں میں گینگ وار، لینڈ مافیا، منشیات فروش اور جرائم پیشہ مسلح دہشتگردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے 9 کارکنان کے بہیمانہ قتل اور درجنوں افراد کو زخمی کرنے کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے سخت سے سخت ترین سزادی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہر میں عام آدمی سے لیکر تاجر، صنعتکار، فنکار اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد جرائم پیشہ عناصر کی کھلی دہشت گردی اور قتل وغارتگری سے محفوظ نہیں ہیں اور گزشتہ دنوں جرائم پیشہ دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکنان آصف علی شہید، منیر احمد شہید، محمد نعیم شہید، ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکنان محمد حبیب شہید، محمد وقاص شہید محمد ظہیر شہید، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکنان سرفراز علی شہید، محمد رضا شہید اور ایم کیوایم معمار سیکٹر کے سینئر کارکن شہباز قریشی شہید کو فائرنگ کر کے بیدردی سے قتل کرنے کی وارداتیں شہر میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنے اور ایم کیوایم کے

پرامن کارکنان کو مشتعل کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کے استحکام، سلامیت اور جمہوریت کے فروغ کیلئے جرائم پیشہ دہشت گردوں کے ہاتھوں کارکنان سمیت زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے بہیمانہ قتل پر صبر و برداشت سے کام لے رہی ہے اوران واقعات کی نشاندہی مسلسل حکومت اور متعلقہ حکام کو کرتی آرہی ہے تاہم جرائم پیشہ دہشت گردوں کی دیدہ دلیری اور قتل وغارتگری کی مسلسل کارروائیوں سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ انہیں فری ہینڈ دیدیا گیا ہے۔انہوں نے سوال کیا کہ وہ عناصر جو ایم کیوایم پر ہی شہر میں قتل وغارتگری کا جھوٹا اور بلا جواز الزام لگاتے آئے ہیں انہیں ایم کیوایم کے کارکنان کی شہادتیں کیوں دکھائی نہیں دیتی ہیں؟ اور انہیں ایم کیوایم کے کارکنان کے بہیمانہ قتل پر سانپ کیوں سونگھ گیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور یہ قربانیاں شہر میں قیام امن اور ملک کے استحکام اور سلامیت کیلئے تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔انہوں نے کارکنان وعوام سے اپیل کی کہ وہ قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کرکے گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں مسلح گینگ وار، لینڈ مافیا، منشیات فروش اور جرائم پیشہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے 9 کارکنان کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف فی الفور کارروائی عمل میں لائی جائے اور شہر میں قتل وغارتگری، بھتہ خوری اور دیگر جرائم کی سرگرمیوں کی سرپرستی کرنے والے عناصر کو بے نقاب کرکے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازش کا فی الفور قلع قمع کیا جائے۔

## 98فیصد غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب میں طلباء اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب ملک کے تعلیمی اداروں سے طبقاتی نظام تعلیم کا خاتمہ ہوگا، چیئرمین وارا کین مرکزی کابینہ

## لاہور کے جلسہ ''استحکام پاکستان کی فقید المثال کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین، تحریک کے تمام کارکنان سمیت ملک بالخصوص پنجاب کے طلبہ وطالبات کو مبارکباد

کراچی:۔۔۔15اپریل،2011ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وارا کین مرکزی کابینہ نے لاہور کے جلسہ ''استحکام پاکستان کی فقید المثال کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین تحریک کے تمام کارکنان سمیت ملک بالخصوص پنجاب کے طلبہ وطالبات کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سوچ وفکر اور نظریہ پنجاب کے مڈل کلاس طبقے سے تعلق رکھنے والے طلباء تک پہنچ گیا ہے اور اب پاکستان کے تعلیم یافتہ باشعور طلباء بیدار ہورہے ہیں اور وہ ایم کیوایم کے پرچم تلے متحدو منظم ہوچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب میں پنجاب کے طلباء اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب ملک کے تعلیمی اداروں سے طبقاتی نظام تعلیم کا خاتمہ ہوگا اور طلباء کو اعلیٰ معیار تعلیم کے علاوہ یکساں تعلیم کے مواقع حاصل ہونگے۔انہوں نے کہا کہ طلباء معاشرے کی تکمیل کیلئے اپنی تعلیم کے ذریعے ہی ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتے ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے طلباء ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے حق پرستی کی جدوجہد میں ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے۔

## ٹرانسپورٹ کرایوں میں 2 روپے اضافہ فی الفور واپس لیا جائے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔15،اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے وزیراعلیٰ سندھ کی جانب سے ٹرانسپورٹ کرایوں میں 2 روپے اضافہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس اضافہ کو غریب عوام پر ظلم قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں کہا کہ عوام غربت، مہنگائی، بیروزگاری اور معاشی تنگدستی جیسے سنگین مسائل کا شکار ہیں اور مسائل کی چکی میں پسے ہوئے عوام پر ٹرانسپورٹ کے کرایوں کی مد میں مزید 2 روپے اضافہ کھلا ظلم ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹ کرایوں میں 2 روپے اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## جلسہ ''استحکام پاکستان'' میں پنجاب کے عوام کی بھرپور شرکت جناب الطاف حسین پر اعتماد کا مظہر ہے، محمد یونس

## جلسہ عام میں شرکت کرکے تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار کرانے پر پنجاب کے عوام سے اظہار تشکر

واشنگٹن۔۔۔15، اپریل 2011ء

ایم کیوایم انٹرنیشنل ریلیشنز ڈویژن کے ڈپٹی کوآرڈی نیٹر محمد یونس نے کہا ہے کہ لاہور میں ایم کیوایم کے تحت ہونیوالے ''استحکام پاکستان'' جلسہ عام کی تاریخ ساز کامیابی نے ملک میں آنے والے انقلاب کی راہ کو ہموار کردیا ہے اور پنجاب کے ہاریوں، کسانوں، مزدوروں، مزارعین، طلباء اور مختلف شعبہ ہائے زندگی کے افراد نے جلسہ عام میں لاکھوں کی تعداد میں شرکت کرکے جناب الطاف حسین پر اپنے اعتماد کا اظہار کردیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے اور یہاں کے عوام میں حق پرستی کے فکروفلسفہ اور نظریئے کا فروغ ملک میں آنے والے انقلاب کی نوید ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے حواریوں نے غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب میں رکاوٹیں کھڑی کیں تو ملک بھر کے غریب ومتوسط اور مظلوم عوام کا اتحاد ان کے درودیوار کو ہلادے گا اور انہیں سیلاب کی طرح بہالے جائے گا۔ محمد یونس نے استحکام پاکستان جلسہ عام میں شرکت کرنے پر پنجاب بھر کے نوجوانوں، بزرگوں، خواتین، طلباء، ہاریوں، کسانوں، مزدوروں اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے دلی تشکر کا اظہار بھی کیا۔

## معروف اسٹیج فنکار ببو برال کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔15 اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسٹیج کے معروف فنکار ببو برال کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں صبر کی تلقین۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## میانوالی کی معروف شخصیت کرنل (ر) عبداللہ نیازی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن:۔۔۔15/اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے میانوالی کی معروف شخصیت اور حال ہی میں ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنیوالے کرنل (ر) عبداللہ نیازی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان کی شہادت الطاف حسین کی انقلابی جدوجہد کو روکنے کی مذموم سازش ہے۔ ایم کیوایم برطانیہ

لندن۔۔۔15 اپریل 2011ء

ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی نے کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنان کی شہادت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کا بہیمانہ قتل پورے پاکستان خاص طور پر پنجاب میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت اور لوگوں کی ایم کیوایم میں جوق درجوق شمولیت اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی انقلابی جدوجہد کو روکنے کی مذموم سازش ہے۔ آج ایک مرتبہ پھر وہ تمام قوتیں جو ایم کیوایم کے خلاف 1992ء کے ریاستی آپریشن میں سرگرم تھیں ایک مرتبہ پھر کراچی میں جرائم پیشہ عناصر، گینگ وار کے دہشتگردوں، لینڈ مافیا اور بھتہ مافیا کے ساتھ ملکر ایم کیوایم کے خلاف صف آراء ہوگئی ہیں تاکہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے انقلابی پیغام کو ملک بھر میں پھیلنے سے روکا جاسکے مگر سازشی عناصر اس حقیقت سے ناآشنا ہیں کہ آج ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوچکے ہیں اور اب کوئی بھی سازش انھیں ایم کیوایم سے جدا نہیں کرسکتی۔ ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی نے پاکستان کے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ وہ کراچی میں ایم کیوایم کر کارکنان کے قتل عام کا نوٹس لیں اور قاتلوں اوران کے سرپرستوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دیں۔ آرگنائزنگ کمیٹی نے شہید ہونے والوں کے بلند درجات، زخمیوں کی جلد صحت یابی اور لواحقین کے صبر جمیل کے لئے دعا کی۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔15اپریل،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن سعید شیخ، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 58 کے یونٹ کمیٹی ممبر عتیق احمد پیرزادہ، شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن سلمان خلیق کے والد خلیق الرحمان، قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن مرزا ظہیر بیگ کے والد مرزا میر بیگ، لیاری سیکٹر یونٹ 33 کے فنانس سیکرٹری برکت اللہ کی والدہ محترمہ حاجرہ بیگم، لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے آفس سیکرٹری غلام فرید کے والد عبدالکریم ، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی بلدیہ سیکٹر یونٹ 3 کے کارکن محمد رفیق کے والد محمد حمید خان، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن محمد فرید کے چھوٹے بھائی محمد آصف، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی سائٹ سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن عمر رحمان کی والدہ محترمہ بے مثال اور ایم کیوایم ٹنڈ والہ یار زون کے زونل ممبر محمد رمضان سموں کے ہمشیرہ محترمہ کوثر پروین کے انتقال پر دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆